بینک دولت پاکستان

شعبہ مالیات

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

ایف ڈی سرکلر لیٹر نمبر 07 برائے 2020ء 02 اکتوبر 2020ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز

تمام کمرشل بینک / مائکروفنانس بینک

محترم / محترمہ

کووڈ 19- بینکوں اور اے ٹی ایم کو جراثیم سے پاک نقدی کی بلا تعطل فراہمی

براہ مہربانی مذکورہ بالا موضوع پر ایف ڈی سرکلر نمبر 2020 / 1 بتاریخ 23 مارچ 2020ء اور ایف ڈی سرکلر لیٹر نمبر 2020 / 5 بتاریخ 04 مئی 2020ء ملاحظہ کیجیے، جن کے ذریعے بینکوں کو ہدایت کی گئی تھی کہ عوام سے جمع کی گئی نقدی کو 14 دن کے لیے قرنطینہ میں رکھا جائے، اس کے بعد ہی وہ نقدی دوبارہ جاری کی جائے۔

2۔ بینک نوٹوں کا 14 روزہ قرنطینہ بین الاقوامی روایات اور عالمی ادارہ صحت کی رہنما ہدایات کی روشنی میں متعارف کرایا گیا تھا۔ بینک نوٹوں کو جراثیم سے پاک کرنے کی مشینوں کی تعداد اور طریقوں کی دستیابی کے پیشِ نظر فیصلہ کیا گیا ہے کہ بینکوں کو اختیار ہوگا کہ وہ یا تو 14 روزہ قرنطینہ کے تقاضے بدستور پورے کرتے رہیں یا پھر اس 14 روزہ قرنطینہ کے بجائے پاکستان کونسل آف سائنٹفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ (پی سی ایس آئی آر) کی تصدیق شدہ مشینوں کے ذریعے بینک نوٹوں کو پراسیس کریں۔ جو بینک اس طرح کی مشینیں حاصل کریں گے وہ یہ بات یقینی بنائیں گے کہ پی سی ایس آئی آر کے سرٹیفکیٹ میں مشین کی استعداد خاص طور پر درج ہو کہ وہ نوٹوں کو 'سارس کووڈ 2' جو کووڈ 19 کا سبب بنتا ہے، سمیت بیکٹیریا اور وائرس سمیت جراثیم سے پاک کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

3۔ نقدی کو جراثیم سے پاک کرنے کی مشینیں وغیرہ خریدنے والے بینک اپنے ہاں نصب کی گئی مشین / ٹیکنالوجی، پی سی ایس آئی آر کی طرف سے تصدیق اور ڈس انفیکشن کے طریقے کی تفصیل سے اِس شعبے کو وینڈر سے کیے گئے معاہدے پر عمل درآمد کے سات (7) یوم کے اندر مطلع کریں گے تاکہ معلومات اور ریکارڈ رکھا جائے۔

4۔ مذکورہ موضوع پر دیگر ہدایات کسی تبدیلی کے بغیر برقرار رہیں گی۔

آپ کا مخلص

(قادر بخش)

ڈائریکٹر